# صفنیاہؔ
# کی نبُوّت

1 یَاھوِہ کا کلام جو امُونؔ کے بیٹے یُوشیاہؔ، شاہِ یہُودیؔہ کے دِنوں میں
حِزقیاہؔ کے بیٹے امریاہؔ کے بیٹے گِدلیاہؔ کے بیٹے کُوشی کے بیٹے صفنیاہؔ پر
نازل ہُوا۔

## آنے والی بربادی کے بارے میں آگاھی

2 میں زمین کے اُوپر سے
سَب کچھ مٹا دُوں گا،
یَاھوِہ فرماتے ھیں۔
3 مَیں اِنسان اَور حَیوان دونوں کو مٹا دُوں گا؛
اَور آسمان کے پرندوں
اَور سمُندر کی مچھلیوں کو مٹا دُوں گا۔

یَاھوِہ اعلان کرتے ھیں،
اَور مَیں اُن بُتوں کو تباہ کر دوں گا جو بدکار کو گرانے کا سبب بنتے ھیں۔
اَور اِنسان کو زمین پر سے مٹا ڈالُوں گا،
4 مَیں یہُودیؔہ اَور یروشلیمؔ کے سَب باشِندوں کے خِلاف
اَپنے ھاتھ بڑھاؤں گا۔
میں اُس جگہ سے بَعل کے بقیّہ کو کاٹ ڈالُوں گا،

بُت پرستوں اَور اُن کے پجاریوں کا نام مٹا دُوں گا۔
5 جو لوگ کوٹھوں پر چڑھ کر اجرامِ فلکی کی پرستش کرتے ہیں،
اَور اُن کے سامنے سَجدہ کرتے ہیں،
جو لوگ یَاھوِہ کو سَجدہ کرتے ہیں اَور یَاھوِہ کے نام کی قَسم کھاتے ہیں
اَور مولکؔ* کی قَسم بھی کھاتے ہیں،
6 جو یَاھوِہ کی فرمانبرداری سے مُنہ پھیرتے ہیں
نہ یَاھوِہ کے طالب ہیں، نہ اُن سے مشورت کرتے ہیں۔

7 یَاھوِہ قادر کے سامنے خاموش رہو،
کیونکہ یَاھوِہ کا دِن نزدیک ہے۔
یَاھوِہ نے ایک قُربانی تیّار کی ہے
اَور جِن کو اُس نے مدعو کیا ہے اُنہیں مخصُوص کیا ہے۔

8 یَاھوِہ کی قُربانی کے دِن
میں شہزادوں اَور بادشاہ زادوں
اَور اُن سَب کو جو غَیر مُلکی پوشاک پہنے ہُوئے ہیں،
سزا دُوں گا۔
9 اَورجو اُس دِن میں اُن سَب کو
جو دہلیز پر قدم نہیں رکھتے، سزا دُوں گا،
اَورجو اَپنے معبُودوں کے معبد ظُلم† اَور فریب سے بھرتے ہیں،

* 1:5 مولکؔ عِبرانی ملکامؔ † 1:9 دیکھیں 1 سمو 5:5

سزا دُوں گا۔

10 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
اُس دِن مچھلی پھاٹک سے ایک آواز بُلند ھوگی،
نئی بستی سے ماتم کی آواز اُٹھے گی،
اَور پہاڑیوں سے بڑے شوروغل کی آواز آئے گی۔
11 اَے سوداگری کے شہر مکتیسؔ کے رہنے والو،
تمہارے سارے سوداگر غارت ھوں گے،
جو چاندی کی تِجارت کرتے ھیں، برباد ھو جائیں گے۔
12 اُس وقت مَیں چراغ لے کر یروشلیمؔ میں ڈھونڈوں گا
اَورجو آسُودہ ھیں
اَور پیالی میں بچی ھُوئی تلچھٹ کی طرح ھیں،
جو سوچتے ھیں کہ یَاھوِہ کویٔی سزا یا جزا نہیں دیں گے،
میں اُن کو سزا دُوں گا۔
13 اُن کی دولت لُٹ جائے گی،
اُن کے مکان گرا دیئے جائیں گے۔
وہ گھر تو بنائیں گے
پر اُن میں رہنے نہ پائیں گے،
وہ تاکستان لگائیں گے
پر اُن کی مَے نہ پیئیں گے۔

14 یَاھوِہ کا عظیم دِن قریب ھے۔
اَور وہ جلد آ رہا ھے۔

سُنو! یَاھوِہ کے دِن کا شور بہت زِیادہ ھوگا،
اَور جنگجو بھی پھوٹ پھوٹ کر رُوئے گا۔
15 وہ دِن قہر کا دِن ھوگا،
رنج و مُصیبت کا دِن ھوگا،
تباھی، بربادی کا دِن،
ظلمت اَور تیرگی کا دِن،
گھٹاؤں اَور تاریکی کا دِن،
16 تُرھی کی آواز اَور جنگی نعروں کا دِن
قلعہ بند شہروں کے خِلاف
اَور کونے والے بُلند بُرجوں کے خِلاف۔

17 ”مَیں لوگوں پر مُصیبت لاؤں گا
اَور وہ اَندھوں کی طرح چلیں گے،
کیونکہ اُنہُوں نے یَاھوِہ کے خِلاف گُناہ کیا ہے۔
اُن کا خُون خاک کی طرح
اَور اُن کا گوشت نَجاست کی طرح گرایا جائے گا۔
18 یَاھوِہ کے قہر کے دِن
اُنہیں اُن کی چاندی اَور سونا
بچا نہ سکے گا،
تمام دُنیا اُن کی غیرت کی آگ میں جَل کر ساری زمین خاک ہو جائے گی۔“

کیونکہ وہ سَب کا جو زمین پر رہتے ہوں گے

اَچانک خاتِمہ کر دیں گے۔

# 2

## یہُوداہؔ اَور یروشلیمؔ کا اِنصاف قوموں کے ساتھ کیا جاتا ہے

### یہُوداہؔ کو توبہ کرنے کا بُلاوا

1 اَے بے شرم قوم کے لوگو،
ایک جگہ جمع ہو جاؤ، ایک جگہ!
2 قوانین کے نافذالعمل ہونے سے پہلے
اَور وہ دِن تُمھیں بھُوسے کی مانند اُڑا لے جائے،
اُس سے پہلے کہ یَاہوِہ کا قہر شدید تُم پر نازل ہو،
اَور یَاہوِہ کے غضب کا دِن تُم پر آ پہُنچے۔
3 اَے زمین کے حلیموں، یَاہوِہ کی تلاش کرو،
تُم جو کہ اُن کے اَحکام پر عَمل کرتے ہو۔
اُن کی راستبازی کی کھوج کرو اَور اُن کی فروتنی کو ڈھونڈو،
شاید تُم یَاہوِہ کے قہر کے دِن
پناہ پا سکو۔

### فلسطینیوں کے خِلاف

4 غزّہؔ کو ترک کر دیا جائے گا
اَور اشقلونؔ ویران کیا جائے گا۔
اَور اشدُودؔ دوپہر ہی کو نکال دیا جائے گا
اَور عقرونؔ کو جڑ سے اُکھاڑ دیا جائے گا۔
5 تُم جو ساحِل پر رہتے ہو تُم پر افسوس،

یعنی کریتیوں کی قوم پر افسوس؛
یَاھوِہ کا کلام تمہارے خِلاف ہے،
اَے کنعانؔ، فلسطینیوں کی سرزمین،
وہ کہتے ہیں، ”مَیں تُمھیں تباہ کر دُوں گا،
اَور کوئی باقی نہ چھوڑا جائے گا۔“
6 سمُندر کے کنارے والی زمین جہاں کریتی رہتے ہیں،
اُن کی زمین گلّہ بانوں کی ہو جائے گی جہاں وہ اَپنے
بھیڑوں کے باڑے بنا لیں گے۔
7 وہ یہُوداہؔ کے گھرانے کے باقی بچے ہُوئے لوگوں کے
ہاتھ میں چلی جائے گی؛
جہاں اُنہیں چراگاہیں ملیں گی۔
شام کو وہ وہاں
اشقلونؔ کے گھروں میں لیٹا کریں گے۔
یَاھوِہ اُن کا خُدا اُن کی حِفاظت کریں گے؛
اَور اُن کی دولت کو بحال کریں گے۔*

## مُوآب اَور بنی عمُّون کے خِلاف

8 مَیں نے مُوآب کی ملامت
اَور بنی عمُّون کی طَعنہ زنی سُنی ہے،
جنہوں نے میرے لوگوں کو بے عزّت کیا
اَور اُن کی زمین کو لے لینے کی دھمکیاں دیں۔
9 اِس لیٔے میری حیات کی قَسم،

* 2:7 اَور اُن کی دولت کو بحال کریں گے دُوسرے نُسخوں کے مطابق اُن کے قَیدیوں کو واپس لے آئیں گے

قادرمُطلق یَاھوِہ، بنی اِسرائیل کا خُدا فرماتے ھیں۔
مُوآب ضرُور سدُوم کی مانند ھو جائے گا
اَور بنی عمُّون عمورہ کی مانند۔
وہ کانٹوں کی زمین اَور نمک کی کان،
اَور ھمیشہ کے لِئے ویران ھو جائیں گے۔
میرے لوگوں میں سے باقی بچے ھُوئے لوگ اُنہیں غارت کر دیں گے؛
اَور میری قوم کے باقی لوگ اُن کی زمین وارِث ھوں گے۔

10 اَپنے تکبُّر کی وجہ سے اُنہیں یہ سَب کچھ دیکھنا پڑے گا،
کیونکہ اُنہُوں نے قادرمُطلق یَاھوِہ کے لوگوں کی ملامت
کی اَور اُن سے تکبُّر سے پیش آئے۔
11 یَاھوِہ اُن کے لِئے ھیبت ناک ھونگے
اَور وہ زمین کے تمام معبُودوں کو لاغر کر دیں گے۔
اَور بحری ممالک کے تمام باشندے اَپنی اَپنی جگہ میں،
اُن کی عبادت کریں گے۔

## کُوش کے خِلاف

12 اَے کُوش والو،
تُم بھی میری تلوار کا لقمہ بنوگے۔

## اشُور کے خِلاف

13 وہ اَپنا ھاتھ شمال کی طرف دراز کرے گا
اَور اشُور کو تباہ کر دے گا۔

اَور نینوہؔ کو ویران
اَور بیابان کی مانند خشک کر دے گا۔
14 اُس میں جنگلی جانور کے ریوڑ،
اَور ہر قِسم کے حَیوان لیٹیں گے۔
چیخنے والا اُلّو حواصل اَور خارپُشت
اُس کے سُتونوں کے سِروں پر گھونسلے بنائیں گے۔
اَور اُن کے بولنے کی آواز کھڑکیوں میں سے سُنائی دے گی،
اُس کی دھلیزوں میں ویرانی ہوگی،
کیونکہ دیودار کا کام کھُلا چھوڑا جائے گا۔
15 یہ شادمانی کا شہر تھا
جو اَمن کا تھا۔
اَور اَپنے دِل میں یہ کہا کرتا تھا،
کہ بس مَیں ھی مَیں ھُوں، میرے سِوا کوئی نہیں۔
وہ کیسا ویران ھو گیا ہے،
جہاں اَب درندوں کا اڈّا ھیں!
اَورجو اُس کے پاس سے گُزرتے ھیں
وہ مُکّے ھلاتے ھیں اَور ھنسی اُڑاتے ھیں۔

# 3

## یروشلیمؔ

1 افسوس اُس سرکش،
ظالِم اَور ناپاک شہر پر،
2 وہ کسی کی نہیں سُنتا،
نہ کسی کی تربّیت کو قبُول کرتا ہے۔

وہ یَاھوِہ پر توکّل نہیں کرتا
وہ اَپنے خُدا کے قریب آنا نہیں چاھتا کہ اُن کی عبادت کرے۔
3 اُس کے اَندر اُس کے سردار گرجنے والے شیر ھیں،
اَور اُس کے حُکمران شام کو نکلنے والے بھیڑئے ھیں،
جو صُبح کے لِئے کچھ نہیں چھوڑتے۔
4 اُس کے نبی مغرُور ھیں؛
وہ دغاباز ھیں۔
اُس کے کاھِنؔ مَقدِس کو ناپاک کرتے ھیں
اَور آئین کو مروڑتے ھیں۔
5 یَاھوِہ جو اُس شہر کے اَندر ھے، بڑا صادق ھے؛
وہ بےاِنصافی نہیں کرتا۔
وہ ھر صُبح بلاناغہ
اَپنی عدالت کا کام اَنجام دیتاھے،
پھر بھی بدکار لوگ
اَپنے کئے پر شرمندہ نہیں ھوتے۔

## یروشلیمؔ اَب بھی توَبہ نہیں کر رھا

6 مَیں نے قوموں کو کاٹ ڈالا ھے؛
اُن کے بُرج توڑ دئیے گئے ھیں۔
مَیں نے اُن کے کوچوں کو ویران کر دیا ھے،
وھاں سے کوئی نہیں گُزرتا۔
اُن کے شہر اُجاڑ دئیے گئے ھیں؛
کوئی باقی نہیں چھوڑا جائے گا۔ ایک بھی نہیں۔

7 یروشلیم کے بارے میں مَیں نے سوچا،
تُو میرا خوف ضرُور مانے گا
اَور تربّیت کو قبُول کرے گا!
تَب اُس کی بستی کاٹی نہ جائے گی،
اَور نہ ہی اُسے کسی سزا کا شِکار ہونا پڑے گا۔
لیکن پھر بھی وہ اَپنی تمام بدظنی میں
لگے رہنے پر بضِد رہے۔
8 یَاہوِہ فرماتے ہیں ذرا اِنتظار کرو،
اُس دِن کا جَب مَیں تمہارے خِلاف شہادت دُوں گا۔
مَیں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ میں قوموں
مملکتوں اَور بادشاہوں کو جمع کروں گا
میں اُن پر اَپنا غیرت کا قہر نازل کروں گا۔
شدید قہر۔
میرا قہر آگ کی طرح ہوگا
جو ساری دُنیا کو جَلا کر رکھ دے گا۔

## اسرائیل کے باقی ماندہ افراد کی بحالی

9 تَب مَیں لوگوں کے ہونٹ پاک صَاف کروں گا،
تاکہ وہ سَب کے سَب یَاہوِہ کا نام لیں
اَور مِل جُل کر اُن کی عبادت کریں۔
10 کُوشؔ (جہاں سے دریائے نیل نکلتا ہے) کی دریاؤں سے
میرے بکھرے ہُوئے لوگ،
میرے لئے تحفے لے کر آئیں گے۔

11 تَب یروشلیمؔ شہر اُن بدیوں پرجو میرے خِلاف کی گئیں
شرمندہ نہ ہوگا،
کیونکہ مَیں اُس شہر سے متکبّر لوگوں کو
نکال دُوں گا۔
پھر مغرُور لوگ میرے پاک پہاڑ پر یروشلیمؔ میں باقی نہ رہیں گے۔
12 لیکن مَیں شہر میں حلیموں کو
اَور اُنہیں جو غُرور نہیں کرتے، چھوڑ دُوں گا،
اَور وہ یَاہوِہ پر توکّل رکھیں گے۔
13 جو لوگ اِسرائیل میں باقی رہ جائیں گے وہ غلط نہ کریں گے؛
وہ جھُوٹ نہ بولیں گے،
وہ اَپنی فریبی باتوں سے لوگوں کو دھوکا نہیں دیں گے؛
وہ کھائیں گے اَور اِستراحت فرمائیں گے
اَور اُنہیں ڈرانے والا کوئی نہ ہوگا۔

14 اَے صِیّونؔ کی بیٹی نغمہ سرائی کر؛
یروشلیمؔ، نغمہ سرائی کر؛
اِسرائیل خُوشی سے للکار!
یروشلیمؔ شادمان ہو،
اَور پُورے دِل سے خُوشی منا۔
15 یَاہوِہ نے تُجھے سزا دینے سے اَپنا ہاتھ روک لیا ہے،
اُنہُوں نے تیرے دُشمنوں کو دُور بھیج دیا ہے۔
اِسرائیل کا بادشاہ، یَاہوِہ تیرے ساتھ ہے؛

تُو تکلیف پانے سے پھر کبھی نہ ڈرے گا۔
16 اُس دِن یروشلیِمؔ کو بتایا جائے گا،
اَے شہر صِیّونؔ، مت ڈر
اَپنے ہاتھوں کو لنگڑانے نہ دیں۔
17 یَاھوِہ تیرا خُدا تیرے ساتھ ہے،
وہ عظیم قوی یَاھوِہ تُجھے بچائیں گے۔
وہ تیرے سبب سے خُوشی منائیں گے،
اَپنی مَحَبّت میں وہ تُمھیں پھر کبھی نہیں جھڑکیں گے،
وہ گائیں گے اَور آپ کے لِئے خُوشی منائیں گے۔

18 مَیں تُجھ سے اُن تمام لوگوں کو نکال دوں گا
جو تیری مُقرّرہ عیدوں میں شامل ہونے پر ماتم کرتے ہیں
جو تمھارے لِئے ایک بوجھ اَور ملامت ہے۔
19 اُس وقت میں اُن سَب کو
جنہوں نے تُمھیں تکلیف پہُنچائی ہے، سزا دُوں گا؛
میرے اَپنے بندوں کو جو چل نہیں سکتے، بچا لُوں گا
اَور اُنہیں اَپنے پاس جمع کروں گا جنہیں دُور پھینک دیا گیا ہے،
مَیں اُن کی تعریف کروں گا اَور اُنہیں عزّت دُوں گا
جہاں اُنہیں شرمندہ ہونا پڑا تھا۔
20 اُس وقت میں تُمھیں جمع کروں گا؛
اَور تُمھیں گھر واپس لے آؤں گا۔
اَور مَیں تُمھیں عزّت اَور تمجید عطا کروں گا

ہر جگہ کے لوگوں کی طرف سے
مَیں تمہارے لئِے سارے کام اَچھّے ہونے دُوں گا جب مَیں تمہارے
دولت کو بحال کروں گا تب میں تمہاری ساری قوموں
جَیسا کہ تُم اَپنی آنکھوں سے دیکھ لوگے،
یَاہوِہ فرماتے ہیں۔

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ™
اِشاعت حق © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاست اَور متحدہ ہائے کے حُقُوق کی سند اَور تجارتی رجسٹرڈ کےذریعہ Biblica Inc
جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f